نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے آلو کے کاشتکاروں کیلئے ہدایات جاری کر دیں

لاہور17دسمبر2025(   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق بعض جگہوں میں کہیں کہیں آلو کی فصل پر پچھیتے جھلساؤ کا حملہ مشاہدہ میں آیا ہے۔ یہ بیماری ایک مخصوص قسم کی پھپھوندی کی وجہ سے پھیلتی ہے اور زیادہ نمی اور کم درجہ حرارت میں اس بیماری کا حملہ بڑھ جاتا ہے۔شروع میں چھوٹے اور پیلے رنگ کے دھبے ظاہر ہوتے ہیں۔یہ دھبے ہوا میں زیادہ نمی کی وجہ سے بھورے یا سیاہ زخموں میں بدل جاتے ہے اور یہ زخم زیادہ تر پتوں کے کناروں پر نمایاں ہوتے ہیں۔اس بیماری کا حملہ زیادہ ہونے کی صورت میں پودوں کے گلنے سڑنے سے سپرٹ جیسی مخصوص بو آتی ہے۔اس بیماری کی وجہ سے آلو کی سطح سیاہ رنگ کی ہو جاتی ہے اور آلو باہر سے اندر کی طرف گلنا شروع ہو جاتے ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ اس بیماری کے کنٹرول کے لئے آلو کا بیج ہمیشہ تندرست فصل سے حاصل کیا جائے۔فصل ختم ہونے پر باقیات کو اکٹھا کر کے جلا دیا جائے۔جڑی بوٹیوں کی تلفی کی جائے اور قوت مدافعت رکھنی والی اقسام کاشت کی جائیں۔اس بیماری سے متاثرہ کھتوں میں 2 سے 3 سال تک آلو کی فصل کاشت نہ کی جائے اور فصلوں کا مناسب ہیر پھیر کیا جائے۔فصل پر بیماری شروع ہوتے ہی بلکہ شروع ہونے سے پہلے اگر زیادہ نمی اور دھند ہو تو محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے مناسب زہروں کا سپرے کیا جائے۔

☆☆☆☆